پریس ریلیز

سی ٹی او گوجرانوالہ وسیم اختر کا گوجرانوالہ چیمبر کا دورہ، تاجروں کو درپیش ٹریفک مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال

گوجرانوالہ: چیف ٹریفک آفیسر (CTO) گوجرانوالہ وسیم اختر نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) کا دورہ کیا، جہاں کاروباری برادری کو درپیش ٹریفک مسائل، پارکنگ کے امور اور نقل و حمل کے چیلنجز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل، نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر، سابق صدر رانا محمد صدیق خاں، وقاص افضل مغل، ظفر اقبال ڈار، نیئر جمیل بھٹی، دیگر ایگزیکٹو ممبران اور گوجرانوالہ کی مختلف مارکیٹوں کے صدور بھی موجود تھے۔

آغاز میں صدر چیمبر غلام حسین جج نے سی ٹی او کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ چیمبر انتخابات کے روز ٹریفک پولیس نے بھرپور تعاون کیا جس کی بدولت ووٹنگ کا عمل انتہائی پرامن اور منظم رہا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ چیمبر تاجروں اور شہر کی بہتری کے لیے ہمہ وقت سرگرم ہے اور ترقیاتی امور میں ٹریفک پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کیا جائے گا۔

مختلف مارکیٹوں کے صدور نے اپنے مسائل بیان کرتے ہوئے کہا کہ بی آر ٹی (BRT) منصوبے کی وجہ سے تجارتی سرگرمیاں پہلے ہی دباؤ کا شکار ہیں اور کاروباری نقصان میں روزانہ کی بنیاد پر اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے شکایت کی کہ شہر میں چالانز کی بھرمار ہے اور ٹریفک عملے کو دیئے گئے ٹارگٹس میں کمی کی جانی چاہیے۔ اس کے علاوہ شیخوپورہ روڈ پر گڈز ٹرانسپورٹ کی نقل و حرکت کے حوالے سے انہوں نے مطالبہ کیا کہ صبح کے اوقات کے نوٹیفکیشن پر نظرثانی کی جائے تاکہ مزدا گاڑیاں مال کی ان لوڈنگ کے لیے آسانی سے داخل ہو سکیں۔ تاجر رہنماؤں نے یہ بھی نشاندہی کی کہ مارکیٹوں میں گاڑی کھڑی کرنے کی مناسب جگہ نہ ہونے سے گاہکوں کی آمد متاثر ہو رہی ہے، جبکہ دال بازار سمیت دیگر مارکیٹوں میں معمولی سائیڈ پر گاڑی کھڑی کرنے پر بھی لفٹر گاڑی اٹھا لیتا ہے اور مزدوروں و چھوٹے تاجروں کو بھاری چالان بھگتنا پڑتا ہے۔

ملاقات کے دوران سی ٹی او وسیم اختر نے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے واضح کیا کہ ٹریفک پولیس عوام کی خدمت کے لیے ہے اور ہمارا چالانوں کا کوئی ذاتی یا جبری ٹارگٹ نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ ہیلمٹ، سیٹ بیلٹ اور ون وے کی پابندی جیسے قوانین عوام کی اپنی جانوں کے تحفظ کے لیے ہیں، اور ہمارا مقصد تاجروں کا کاروبار متاثر کرنا نہیں بلکہ شہر کی برآمدات اور تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ دیکھنا ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ چیمبر کارڈ کا سو فیصد احترام کیا جائے گا اور ممبران کو بھرپور سہولت فراہم کی جائے گی۔

شیخوپورہ روڈ اور گڈز ٹرانسپورٹ کے امور پر بات کرتے ہوئے سی ٹی او نے کہا کہ روڈ پر کسی کو نہیں روکا جا رہا، البتہ غلط پارکنگ کرنے والے بڑے ٹرالے قوانین کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوتے ہیں۔ بی آر ٹی منصوبے کے حوالے سے انہوں نے بتایا کہ چاندہ قلعہ سے عزیز کراس فلائی اوور تک کا 13 کلومیٹر کا حصہ اس پروجیکٹ میں شامل ہے جس میں مختلف اسٹیشنز اور ٹنلز آ رہی ہیں، اور اس زون میں 175 گلیاں اور 80 اہم ادارے واقع ہیں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ تمام مارکیٹوں کے صدور کے ساتھ انفرادی نشستیں (One-on-One Meetings) منعقد کی جائیں گی تاکہ تاجروں کے تمام جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا سکے۔

آخر میں چیمبر قیادت نے اس پُراثر ملاقات کا اہتمام کرنے اور مارکیٹ کے نمائندوں کو اپنے مسائل کھل کر بیان کرنے کا موقع فراہم کرنے پر سی ٹی او وسیم اختر کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

PRESS RELEASE

CTO Gujranwala Waseem Akhtar Visits GCCI; Detailed Consultations Held on Traffic Challenges Faced by Business Community

GUJRANWALA: Chief Traffic Officer (CTO) Gujranwala Waseem Akhtar paid an official visit to the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI), where comprehensive discussions were held concerning traffic bottlenecks, parking constraints, and commercial transportation challenges confronting the business fraternity. The meeting was attended by GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge, Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar, former President Rana Muhammad Siddique Khan, Waqas Afzal Mughal, Zafar Iqbal Dar, Nayyar Jameel Bhatti, executive members, and presidents of various local markets.

Welcoming the CTO, President GCCI Ghulam Hussain Judge appreciated the exemplary cooperation extended by the traffic police during the Chamber elections, which ensured a peaceful and orderly voting process. He emphasized that the Chamber is dedicated to civic and commercial betterment, reiterating the need for close collaboration with the traffic administration to drive urban progress.

Market presidents voiced serious concerns during the session, pointing out that ongoing BRT project construction has already severely restricted commercial operations, leading to escalating daily financial losses. They noted that the volume of challans is excessively high and requested a reduction in enforcement targets assigned to field personnel. Highlighting that major commercial thoroughfares remain constrained, they noted that SheikhoPura Road—serving as a primary manufacturing and warehousing hub where 70 to 80 percent of goods transport operates—requires a revision of morning timing restrictions (6:00 AM to 10:00 AM) to allow mini-mazdas unhindered access for loading and unloading goods. Furthermore, traders highlighted that acute parking shortages are discouraging customer footfall, citing instances where lifters tow vehicles parked momentarily on market fringes (such as Dal Bazaar), forcing impoverished transporters to pay hefty fines.

Responding to these concerns, CTO Waseem Akhtar congratulated the newly elected executive team and explicitly stated that the traffic police exist to serve the public, clarifying that enforcement actions are never driven by punitive quotas. He emphasized that compliance regulations—such as helmets, seat belts, and one-way traffic rules—are enacted strictly for citizens' personal safety, affirming that traffic authorities aim to foster commercial expansion rather than disrupt trade. Most notably, the CTO assured that the Chamber Card will be honored with 100% respect and dignity, ensuring facilitative treatment for holders.

Addressing goods transport and Sheikhupura Road dynamics, the CTO clarified that legitimate commercial transit is not obstructed, though heavy trailers engaged in improper parking violate regulations. Regarding the BRT project, he shared that the 13-kilometer stretch from Chanda Qila to Aziz Cross Flyover falls within his operational jurisdiction, encompassing 175 streets and approximately 80 vital institutions and manufacturing units. He expressed optimism that upon completion of the BRT network, chronic transit bottlenecks will be permanently resolved. Concluding the session, the CTO announced that dedicated, one-on-one consultative meetings will be scheduled with presidents of all local markets to systematically address and resolve their legitimate grievances.

The meeting concluded with a vote of thanks extended by the Chamber leadership to CTO

Waseem Akhtar for facilitating an open and constructive dialogue with market representatives.